تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 08,2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پرنسپلز کے انٹرایکٹیو میٹ ۔دو ہزار چوبیس کا انعقاد

شعبہ تربیت اساتذہ اور غیر رسمی تعلیم (آئی اے ایس ای) نے مورخہ چھ نومبر دو ہزار چوبیس کو' پرنسپلز انٹرایکٹیو میٹ ۔دو ہزار چوبیس منعقد کیا۔ یہ ملاقات بی ایڈ (جی) بی ایڈ (این) اور ڈی ۔ای آئی ۔ایڈ پروگرام کے انٹرایکشن پروگرام پر مرکوز تھی اور سلامت اللہ بلاک، نیو ہال آئی اے ایس ای شعبہ تعلیمات جامعہ ملیہ اسلامیہ میں منعقد ہوئی۔انٹرننگ پرائمری، سیکنڈری اور سینئر سکینڈر کے پرنسپلز کے ساتھ ساتھ آئی اے ایس ای کے فیکلٹی اراکین بھی پروگرام میں شریک ہوئے۔

پروفیسر جیسی ابراہم صدر شعبہ نے پروگرام کی صدارت کی اور افتتاحی کلمات کہے جس میں تمام مہمان اور حاضرین کا استقبال شامل تھا۔اسکول کے پرنسپلز کو اسکولوں میں اساتذہ اور طلبا متعدد سرگرمیوں کے توسط سے جوان کے اسکول میں نافذ کیے جانے والے انھوں نے بات کی۔

ڈاکٹر ماموعلی، کوآرڈی نیٹر بی ایڈ پروگرام سال دوم نے ملاقات کی سربراہی کی اور بی ایڈ انٹرنشپ کے ساتھ ساتھ اسکول انٹرنشپ کے توقعات کی بابت بھی گفتگو کی۔ڈاکٹر ڈوری لال، کوآرڈینٹر بی ایڈ سال اول نے بی ایڈ (جنرل) فرسٹ سمسٹر میں لاگو اسکول انٹرنشپ پروگرام کے اجزا کو سا جھا کیا۔ڈاکٹر اشفیہ دانشیار کوآرڈی نیٹر بی ایڈ نرسری سیکنڈ ایئر نے بی ایڈ نرسری سیکنڈ ایئر میں لاگو اسکول انٹرنشپ پروگرام کے مختلف اجزا کے متعلق بتایا۔ڈاکٹر سویتا کوشل اور ڈاکٹر کپل ڈھنگر کوآرڈی نیٹر بی ایڈ نرسری فرسٹ ایئر نے بھی بی ایڈ نرسری فرسٹ ایئر میں لاگو اسکول انٹرنشپ پروگرام کی ساخت پر گفتگو کی۔ڈی ای آئی ایڈ سال دوم کے کوآرڈی نیٹر ڈاکٹر ارشد انصاری نے ڈپلوما ایلیمنٹری ایجوکیشن میں اسکول انٹرنشپ پروگرام کی ضرورت و اہمیت پر روشنی ڈالی۔انھوں نے انٹرنشپ پروگراموں کے خوش اسلوبی سے تعمیل پر اسکول پرنسپلز کے رول کی اہمیت اور معنویت پر اظہار خیال کیا۔ڈاکٹر انصار احمد کوآرڈی نیٹر ڈی آئی ایڈ فرسٹ ایئر نے پروگرام کے موثر انداز میں نفاذ پر اسکول انتظامیہ کے رول کو بتایا۔

مختلف اسکولوں کے پرنسپلز نے جاری ایس آئی پی (اسکول انٹرن شپ پروگرام) کے سلسلے میں اپنے تاثرات کا اظہار کیا ۔طلبا اور اساتذہ کے لیے اور یہ باہمی اور نتیجہ خیز ہو اس سلسلے میں انھوں نے چند مفید مطلب مشورے دیے۔نیز انھوں نے انٹرنشپ کے دوران اس میں شریک ہونے والے اسکولوں کو رہنما اصول فراہم کیے جانے کا مشورہ دیا۔

پروفیسر جیسی ابراہم کے شکریے کے ساتھ سیشن اختتام پذیر ہوا۔انھوں نے ان کے بیش قیمت تاثرات اور تعاون کا شکریہ ادا کیا۔اور انھیں یقین دلایا کہ ان کے مشوروں پر شعبہ ضرور غور وفکر کرے گا اور اس کے مطابق مثبت تبدیلیاں لائے گا۔

ڈاکٹر ڈوری لال، کوآرڈینیٹر بی ایڈ سال اول کے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی